کاروبار خریدیں یا اپنا کاروبار شروع کریں

پہلی دفعہ ایک کاروبار شروع کرنا نئے کاروبار کرنے والوں کے لئے بے حد دباؤ کا باعث ہوسکتا ہے ۔ اگر آپ کے پاس کاروبار کا کوئی عظیم خیال یا تصور ہے اور آپ محنت کرنے کے لئے تیار ہیں ، تو پھر آپ اپنا کاروبار شروع کرنے کی خواہش کرسکتے ہیں ۔ لیکن اگر آپ کاروبار شروع کرنے کی عام مشکلات سے گریز کرنا چاہتے ہیں ، تو پھر ایک پہلے سے موجود کاروبار یا ایک کامیاب فرینچائیز (franchise) یعنی کسی خاص علاقے میں مصنوعات فروخت کرنے کی ایجنسی کو خریدنا بہتر انتخاب ہوسکتا ہے ۔

اپنا کاروبار شروع کرنا

فوائد

- اپنے تصور کے مطابق کاروبار کا ڈیزائن یا خاکہ بنانے اور اس کا انتظام کرنے کی مکمل آزادی ۔
- کسی دوسرے کے قواعد ، تاریخ یا اثاثوں کی پابندی نہیں ۔
- مارکیٹ میں کوئی نئی چیز لانے کا موقع ۔
- ایک کامیاب کاروبار کو خریدنے کے مقابلے میں یہ کم مہنگی ہوسکتی ہے ۔

مقابلے کی مشکلات

- نفع بخش ہونے میں آپ کو کچھ عرصہ لگ سکتا ہے ۔
- کاروبار کی کامیابی کی کوئی گارنٹی یا ضمانت نہیں اور نئے کاروباروں کی ناکامی کی اونچی شرح۔
- سرمایہ کاری حاصل کرنا زیادہ مشکل ہے کیونکہ قرض دینے والے اور سرمایہ کار آپ کے خیال کے ساتھ خطرہ مول لے رہے ہیں ۔

ایک پہلے سے موجود کاروبار یا فرینچائیز کو خریدنا

فوائد

- ایک چھاپ (برینڈ) کو جمانے یا مقبول کرنے ، گاہکوں سے تعلقات بڑھانے ، کاروباری طریقہ کار بنانے اور اثاثے حاصل کرنے میں پہلے سے کئے گئے کام کا فائدہ اٹھانا۔
- منافعے زیادہ جلدی لانا شروع کرسکتے ہیں ۔
- سرمایہ کاری حاصل کرنا آسان تر ہے کیونکہ کاروباری سانچہ آزمایا ہوا ہے۔

Acclr, par le biais de son service d'intelligence d'affaires, reçoit le soutien financier de Développement économique Canada pour les régions du Québec et est membre du Réseau Entreprises Canada.

Acclr, through its business intelligence department, receives financial support from Canada Economic Development for Quebec Regions and is a member of the Canada Business Network.

Développement économique Canada pour les régions du Québec
Canada Economic Development for Quebec Regions

خطرات

- شروع میں درکار سرمایہ اپنا کاروبار شروع کرنے کے لئے درکار سرمایے کی نسبت عموماً زیادہ ہوتا ہے ۔
- ہو سکتا ہے کہ سابق مالک اور/یا فرینچائیز کے مالک کا کاروباری سانچہ اور کاروبار کرنے کا طریقہ جو آپ تصور کرتے ہیں اس سے مکمل مطابقت نہ رکھتا ہو ۔